**AQF / Shabbir**

**15-04-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے ہریانہ میں 10 ہزار کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا اور انھیں وقف کیا۔

2- اسٹارٹ اپ QNU لیبس نے دنیا کے منفرد پلیٹ فارم، Q-Shild کا آغاز کیا جو انٹرپرائزز کو اپنے اہم بنیادی ڈھانچے کے تحفظ کے لیے بااختیار بنائے گا۔

3- لکھنؤ کے لوک بندھو اسپتال میں شدید آتش زدگی کے بعد 200 سے زیادہ مریضوں کو بحفاظت نکال لیا گیا ہے۔

4- ایران کے نیوکلیائی پروگرام کے تعلق سے امریکہ اور ایران کے درمیان دوسرے مرحلے کی بات چیت، روم میں ہونے کی توقع ہے۔

5- محکمۂ موسمیات نے اگلے دو سے تین دن کے دوران راجستھان اور گجرات کے دور دراز علاقوں میں گرم لہر کی پیش گوئی کی ہے۔

6- اور : IPL ٹی 20 میں، چنئی سپر کنگس نے لکھنو سپر جائنٹس کے خلاف، پانچ وکٹ سے جیت حاصل کی۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-HARYANA VISIT**

وزیراعظم نریندر مودی نے ہریانہ کے عوام کیلئے تقریباً 10 ہزار کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور انہیں عوام کے نام وقف کیا۔ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کی سالگرہ کے موقع پر جناب مودی نے یمنانگر میں دین بندھو چھوٹو رام حرارتی بجلی پلانٹ میں 800 میگاواٹ کے تیسرے یونٹ کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ یہ پروجیکٹ موجودہ پلانٹ کی ایک توسیع ہے، جو کہ فی الحال 2 ضرب 300 میگاوٹ یونٹ بجلی پیدا کرتا ہے۔ اس نئے یونٹ کے ساتھ ہریانہ میں بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت میں 3 ہزار 382 میگاواٹ کا اضافہ ہوگا۔

**Byte: Narendra Modi**

اس موقع پر وزیراعظم نے 90 کروڑ روپے کی مالیت سے یمنانگر میں Gobar Dhan پلانٹ کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔

اس پلانٹ میں سالانہ دو ہزار 600 میٹرک ٹن کامپریس بائیو گیس تیار کرنے کی صلاحیت ہوگی۔ جناب مودی نے رِواڑی بائی پاس کا بھی افتتاح کیا، جسے ایک ہزار 69 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ Byte:Narendra Modi ہریانہ کے کسانوں کی سخت محنت اور کام کی تعریف کرتے ہوئے وزیراعظم نے اس بات پر زور دیا کہ مرکز اور ریاست میں سرکاریں کسانوں کی خوشی اور چیلنجز میں مضبوط شراکت دار کے طور پر کھڑی ہیں۔ انہوں نے ہریانہ کے کسانوں کو بااختیار بنانے کی کوششوں کو اُجاگر کیا اور کہا کہ ریاستی سرکار نے کم سے کم امدادی قیمت MSP پر اب 24 فصلوں کی خریداری کی ہے۔ جناب مودی نے کہا ہے کہ ہریانہ میں لاکھوں کسانوں کو پی ایم فصل بیمہ یوجنا سے فائدہ ہوا ہے اور اِس اسکیم کے تحت دعوے 9 ہزار کروڑ روپے سے تجاوز کر گئے ہیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے کہا کہ پی ایم کسان سمّان ندھی کے ذریعہ ہریانہ کے کسانوں کو 6 ہزار 500 کروڑ روپے تقسیم کئے گئے، جس سے اُن کی طرز زندگی اور ترقی میں مزید مدد ملے گی۔ اپنے دورے کے دوران انہوں نے حصار میں مہاراجہ اگرسین ہوائی اڈے کی نئی ٹرمنل عمارت کا بھی سنگ بنیاد رکھا اور ہوائی اڈے سے ایودھیا کیلئے پہلی پرواز کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ ×

## AMBEDKAR JAYANTI-UN

اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے Parvathaneni Harish نے کہا ہے کہ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر نے بھارت کی جدید جمہوریہ کی بنیاد ڈالنے کیلئے اپنی زندگی وقف کردی تھی۔ وہ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کی 135 ویں سالگرہ کے موقع پر ایک یادگاری تقریب کے حصے کے طور پر ایک مباحثے میں اظہار خیال کررہے تھے، جس کا عنوان تھا 'اقوام متحدہ اور اس سے ڈاکٹر امبیڈکر کے نظریے کی دائمی کشش'۔ ڈاکٹر ہریش نے کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر بھارت کی آزادی کی جنگ کی ایک سرکردہ شخصیت اور بھارت کے آئین کے معمار تھے۔

## S&T-Q SHIELD

نیشنل Quantum مشن کے تحت سائنس اور ٹیکنالوجی کے محکمے کی طرف سے سلیکٹ کئے گئے ایک اسٹارٹ اَپس QNu Labs نے دنیا کا پہلا اور منفرد پلیٹ فارم Q-Shield کا آغاز کیا ہے، جو انٹرپرائزز کو، اپنے اہم بنیادی ڈھانچے کے تحفظ کیلئے بااختیار بنائے گا۔ اس پلیٹ فارم کا شروع ہونا Quantum ٹیکنالوجی میں عالمی لیڈرشپ کی جانب بھارت کے سفر میں ایک اور اہم قدم ہے۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ Q-Shield، Key جنریشن کیلئے Qosmos، محفوظ کنکٹی وِٹی کیلئے QConnect اور محفوظ اشتراک کیلئے QVerse جیسی مختلف خدمات کے قابل بنائے گا۔×

**JUSTICE GAVAI CONSTITUTION**

سپریم کورٹ کے جسٹس BR Gavai نے کہا ہے کہ آئین وقف کی کسوٹی پر کھرا اترا ہے۔ اس نے ملک کو مضبوط، مستحکم اور متحد کیا ہے۔ وہ کل نئی دلی میں ڈاکٹر امبیڈکر انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں منعقد پہلے ڈاکٹر امبیڈکر میموریل لیکچر میں اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ جسٹس Gavai نے کہا کہ گذشتہ سالوں میں ملک نے مختلف بیرونی جارحیت اور اندرونی گڑبڑ کا سامنا کیا۔ اس کے باوجود ملک متحد اور مضبوط رہا۔ آئین میں بدلتی ہوئی ضرورتوں کے مطابق وقتاً فوقتاً ترمیم کی گئی۔

**LOK BANDHU HOSPITAL FIRE**

اترپردیش کے لکھنؤ میں کل رات لوک بندھو اسپتال کے دوسری منزل میں شدید آتش زدگی کے بعد 200 سے زیادہ مریضوں کو بحفاظت نکال لیا گیا ہے، جن میں وہ مریض بھی شامل ہیں، جن کی حالت کافی نازک ہے۔ انہیں دوسری جگہ منتقل کردیا گیا ہے۔ اس واقعہ سے مریضوں اور اسپتال کے عملے میں خوف پیدا ہوگیا ہے۔ وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اس آتش زدگی کا نوٹس لیتے ہوئے افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام متاثرہ مریضوں پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اور انہیں فوری طبّی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ اترپردیش کے نائب وزیراعلیٰ برجیش پاٹھک نے، جو کل رات موقع حادثہ پر پہنچے تھے، اسپتال کے عملے اور ہنگامی خدمات فوری طور پر فراہم کرنے کی تعریف کی۔

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**US-IRAN TALKS GONG**

ایران کے نیوکلیائی پروگرام کے بارے میں امریکہ اور ایران کے درمیان بات چیت کا دوسرا دور ہفتے کو روم میں ہونے کا امکان ہے۔ اِٹلی کے وزیر خارجہ Antonio Tajani نے اعلان کیا ہے کہ روم، بات چیت میں شامل فریقوں اور Oman کی طرف سے کی گئی درخواست کے بعد میٹنگ کی میزبانی کیلئے تیار ہوگیا ہے۔ Oman ایک ثالث کے طور پر اس بات چیت میں شریک ہورہا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Vishnu**

*اٹلی کے وزیر خارجہ Antonio Tajani نے جاپان کے دورے کے دوران اعلان کیا ہے کہ روم مذاکرات میں شامل فریقوں اور اومان کی طرف سے کی گی درخواستوں کے بعد بات چیت کی میزبانی کیلیے تیار ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اٹلی کی حکومت مذاکرات کی حمایت میں ہر ضروری اقدام*

کرنے کیلیئے تیار ہے، تاکہ نیوکلیائی اُمور کو حل کرنے اور امن کو فروغ دینے میں مدد مل سکے۔ البتہ ایران یا امریکہ کی طرف سے بات چیت کیلیئے کسی مقام کی سرکاری طور پر تصدیق نہیں کی گئی ہے۔ امریکہ اور ایران کے حکام کے درمیان بلواسطہ بات چیت کا پہلا دور 12 اپریل کو Oman میں ہوا تھا۔ دونوں ملکوں نے کہا ہے کہ انہوں نے پہلے دور میں مثبت اور تعمیری بات چیت کی تھی۔ حالانکہ بات چیت بالواسطہ رہی، جس میں Oman نے بات چیت میں ثالث کی حیثیت سے حصہ لیا تھا۔ اس دوران ایران کے وزیر خارجہ عباس Araghchi اِس ہفتے روس جائیں گے، جہاں وہ امریکہ کے ساتھ نیوکلیائی معاملے پر بات چیت سے متعلق صلاح ومشورہ کریں گے۔

نئی دلّی سے وِشنو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیئے میں......

## BIHAR-PARAS

راشٹریہ لوک جن شکتی پارٹی، RLJP نے NDA سے روابط منقطع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پارٹی صدر اور سابق مرکزی وزیر Pashupati کمار پارَس نے پٹنہ میں امبیڈکرجینتی کے موقع پر یہ اعلان کیا۔ پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب پارس نے کہا کہ BJP کی قیادت والے NDA کے ساتھ رہنے میں کوئی فائدہ نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارٹی بہار میں نئے اتحاد کے امکانات تلاش کرے گی، جو اس کی قدر اور احترام کرے۔x

## HP FOUNDATION DAY

ہماچل پردیش کا آج 78 واں یومِ تاسیس ہے۔ 15 اپریل 1948 میں 30 چھوٹی اور بڑی رجواڑہ ریاستوں کو ملاکر ریاست کی تشکیل عمل میں آئی تھی۔ اس لیے ہر سال 15 اپریل کو ہماچل ڈے کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اِس سال، ریاستی سطح کی اہم تقریب Killar میں منعقد کی جا رہی ہے، جو کہ Chamba ضلع میں واقع دور دراز اور قبائلی Pangi وادی کا صدر مقام ہے۔ اس تقریب کی صدارت ہماچل پردیش کے وزیرِاعلیٰ سکھویندر سنگھ سکھو کریں گے۔ اس موقع پر ریاست کی شاندار وراثت کی عکاسی کرنے والے ثقافتی پروگرام بھی پیش کئے جائیں گے۔x

## IMD-WEATHER

بھارت کے محکمہ موسمیات نے اگلے دو سے تین دن کے دوران راجستھان اور گجرات کے دور دراز کے علاقوں میں گرم ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے اگلے تین دن کے دوران پنجاب، ہریانہ اور مغربی مدھیہ پردیش میں اسی طرح کے حالات کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آج کیرالہ اور Mahe میں گرمی اور حبس کے حالات

رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق امکان ہے کہ اڈیشہ میں کل تک شدید بارش ہوگی۔ محکمہ موسمیات نے یہ بھی کہا ہے کہ اگلے پانچ دن کے دوران شمال مشرق اور مشرقی بھارت میں بجلی کڑکنے، تیز ہوائیں چلنے اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کے ساتھ ساتھ ہلکی اور معتدل بارش ہونے کا امکان ہے۔×

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں آج چنڈی گڑھ کے مہاراجہ Yadavindra سنگھ انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں پنجاب کنگس کا مقابلہ کولکاتا نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

اس سے قبل کل رات Ekana کرکٹ اسٹیڈیم میں چنئی سپر کنگس نے اپنے پانچ میچوں میں ہار کے سلسلے کو ختم کرتے ہوئے میزبان لکھنؤ سپر جائنٹس پر پانچ وکٹ سے جیت حاصل کی۔ 167 رن کی جیت کا نشانہ حاصل کرنے کیلئے چنئی سپر کنگس نے اچھی شروعات کی۔ سلامی بلے بازوں رچن رویندر اور رشید شیخ نے 50 رن کی شراکت داری کی۔ جبکہ شِوم دوبے نے 37 گیندوں 43 رن بناکر اہم کردار ادا کیا۔ البتہ مہندر سنگھ دھونی کی طرف سے 11 گیندوں میں 26 رن نے چنئی سپر کنگس کو جیت دلانے میں نمایا رول ادا کیا۔ مہندر سنگھ دھونی کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔×

**IPL-REPLACEMENT**

IPL کرکٹ میں، چنئی سپر کنگس نے Gaikwad Ruturaj کے زخمی ہونے کی وجہ سے ان کے متبادل کے طور پر آیوش Mhatre کو ٹیم میں جگہ دی ہے، جبکہ سن رائزرس حیدرآباد نے سیزن کے باقی میچوں کے لیے زخمی Adam Zampa کی جگہ Smaran روی چندرن کو ٹیم میں شامل کیا ہے۔ Mhatre نے 9، فرسٹ کلاس میچز اور 7 لسٹ اے گیمز کھیلے ہیں، جس میں انھوں نے 962 رن بنائے ہیں۔ گھریلو کرکٹ میں ممبئی کی نمائندگی کرنے والے دائیں ہاتھ کے بلے باز نے 30 لاکھ روپے میں چنئی سپر کنگز میں شمولیت اختیار کی تھی۔x

**ISSF-SHOOTING WC**

ISSF شوٹنگ عالمی کپ 2025 کا دوسرا مرحلہ آج Peru کی راجدھانی لیما میں شروع ہوگا۔ 42 رکنی بھارتی دستہ تین زمروں، رائفل، پسٹل اور Shotgun میں مقابلہ کرے گا۔ بھارتی نشانے بازوں نے اس سے پہلے Buenos Aires میں ISSF عالمی کپ کے پہلے مرحلے میں سونے کے چار، چاندی کے دو اور کانسے کے دو تمغوں سمیت آٹھ تمغے جیتے تھے۔ آج بھارتی نشانے باز سوربھ چودھری، رویندر سنگھ، ورون تومر، امت شرما اور آکاش بھاردواج بھارتی وقت کے مطابق آج رات سوا دس بجے مردوں کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں حصہ لیں گے۔

**CHESS GRAND SLAM PARIS**

شطرنج میں دنیا کے نمبر ایک کھلاڑی ناروے کے **Magnus Carlsen** نے فری اسٹائل **Chess Grand Slam-2025** کا پیرس مرحلہ جیت لیا ہے۔ انہوں نے امریکہ کے گرانڈ ماسٹر **Hikaru Nakamura** کو ایک اعشاریہ پانچ - صفر اعشاریہ پانچ پوائنٹ کے فرق سے ہرایا۔ البتہ اٹلی-امریکی کھلاڑی **Fabiano Caruana** نے تیسرے مقام کیلئے جرمن کے گرانڈ ماسٹر **Vincent Keymer** کو شکست دی اور **Las Vegas Grand Slam** میں اپنا مقام بنالیا۔

بھارت کے گرانڈ ماسٹر اَرجن **Erigaisi** نے ایک اعشاریہ پانچ - صفر اعشاریہ پانچ کے فرق سے فرانس کے **Maxime Vachier** کو شکست دی۔ ارجن **Grenke** فری اسٹائل اوپن میں **17** اپریل سے اپنا اگلا میچ کھیلیں گے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - کلیم احمد

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے ہریانہ کے شہر حصار میں وزیراعظم کے ہاتھوں ہوائی اڈہ کی نئی ٹرمنل عمارات کا سنگِ بنیاد رکھے جانے کے موقع پر ان کے خطاب کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے : کانگریس نے آئین کی روح سے کھلواڑ کیا اور ڈاکٹر امبیڈکر کی توہین کی، ہوائی اڈہ کی نئی ٹرمنل عمارت کے سنگِ بنیاد اور حصار سے ایودھیا کے لیے پہلی پرواز کو ہری جھنڈی دکھانے کے موقع پر وزیر اعظم کا خطاب۔

تقریباً سبھی اخبارات نے **PNB** گھپلے کے کلیدی ملزم میہول چوکسی کی بلجیم میں گرفتاری سے متعلق خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار پرتاپ اور دیگر اخباروں نے جسٹس بھوشن گوائی کو بھارت کا اگلا چیف جسٹس بنائے جانے سے متعلق خبر کو اہمیت دی ہے۔ ہندوستان نے زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان کے حوالے سے لکھا ہے کہ کسانوں کا ڈجیٹل آئی ڈی بنوانا ضروری۔ اخبار انقلاب نے ممبئی کے **26/11** حملوں کے ملزم تہور رانا کے تعلق سے **NIA** کورٹ کے اس تبصرے کو سرخی بنایا ہے کہ تہور رانا کی سازش کی حد بھارت سے باہر تک پھیلی ہوئی ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- غزہ میں اسرائیلی حملے میں **37** فلسطینی ہلاک۔
- روس کا یوکرینی شہر سومی پر بیلسٹک میزائل حملہ،**34** افراد ہلاک۔
- سعودی عرب اور امریکہ کے مابین نیوکلیر معاہدے میں بڑی پیش رفت۔

_ ایران سے متعلق فیصلہ جلد کرلیں گے: امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا بیان۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے ہریانہ میں 10 ہزار کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا اور انھیں وقف کیا۔

2- اسٹارٹ اپ QNU لیبس نے دنیا کے منفرد پلیٹ فارم، Q-Shild کا آغاز کیا جو انٹرپرائزز کو اپنے اہم بنیادی ڈھانچے کے تحفظ کے لیے بااختیار بنائے گا۔

3- لکھنؤ کے لوک سندھو اسپتال میں شدید آتش زدگی کے بعد 200 سے زیادہ مریضوں کو بحفاظت نکال لیا گیا ہے۔

4- ایران کے نیوکلیائی پروگرام کے تعلق سے امریکہ اور ایران کے درمیان دوسرے مرحلے کی بات چیت، روم میں ہونے کی توقع ہے۔

5- محکمۂ موسمیات نے اگلے دو سے تین دن کے دوران راجستھان اور گجرات کے دور دراز علاقوں میں گرم لہر کی پیش گوئی کی ہے۔

6- اور : IPL ٹی 20 میں، چنئی سپر کنگس نے لکھنو سپر جائنٹس کے خلاف، پانچ وکٹ سے جیت حاصل کی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------